سوال

(557) عورت کا احرام کی حالت میں برقعہ پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت بحالت احرام برقع پہنے یا اپنا چہرہ لپیٹے، اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

برقع کے لیے تو یہ ہے کہ نبی علیہ السلام نے عورت کے لیے بحالت احرام نقاب لینے سے منع فرمایا ہے۔ تو اس طرح برقع بالاولیٰ منع ہوا۔ البتہ وہ اپنے چہرے کو اپنی اوڑھنی اور چادر سے کامل طور پر چھپا سکتی ہے، جبکہ اس کے ارد گرد اجنبی لوگ موجود ہوں۔ اور جب اجنبی موجود نہ ہوں تو وہ اپنا چہرہ کھلا رکھے۔ یہی سنت اور افضل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 401

محدث فتویٰ